موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

11 سے 14 جون 2026

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے اکثر اضلاع میں جمعہ سے اتوار کے درمیان بارش کا امکان ہے۔ اس دوران دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 سے 48 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 28 سے 34 سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ ہوا کی اوسط رفتار 3 سے 12 کلومیٹر فی گھنٹہ رہنے کا امکان ہے زیادہ تر اضلاع میں تیز ہوا چلنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

کپاس

جہاں فاسفورسی کھادیں بجائی کے وقت نہیں ڈالی گئیں وہاں چھدرائی کے فوراً بعد (20 سے 25 دن بعد) وتر حالت میں ڈالیں۔ نائٹروجنی کھاد بجائی کے بعد 3 سے 4 اقساط میں دیں۔ جڑی بوٹیوں کی تلفی پر خصوصی توجہ دیں۔ گوڈی اور رجر کی مدد سے جڑی بوٹیاں کنٹرول کریں۔ موسمی حالت اور گرمی کی شدت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کپاس کی آبپاشی بروقت کریں۔ لائنوں میں کاشتہ فصل میں پہلی آبپاشی بجائی کے 30 سے 35 دن بعد جبکہ پٹریوں پر کاشتہ فصل میں پانی 6 سے 9 دن کے وقفے سے لگائیں۔ کھیت میں باقائدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کرتے رہیں۔ پہلا سپرے حتی الوسع تاخیر سے کریں تاکہ دوست کیڑے پرورش پاسکیں۔ کیڑوں کے حملہ کی صورت میں نقصان کی معاشی حد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے محکمہ زراعت کے عملہ کی مشاورت سے تدارک کریں۔

کماد

کماد کی آبپاشی پر خصوسی توجہ دیں۔ کماد کی آبپاشی کا وقفہ موسم کی مناسبت سے 8 سے 10 دن رکھیں۔ کماد میں تنے کے گرد مٹی چڑھانے سے پہلے گوڈی مکمل کریں۔ کماد کی ایسی فصل جو 90 سے 100 دن کی ہو چکی ہے وہاں نائٹروجنی کھاد کی آخری قسط مٹی چڑھاتے وقت ڈالیں۔ کماد کے گڑووں کے انسداد کے لئے محکمہ زراعت کی سفارشات پر عمل کریں۔

آم

اگیتی اقسام کی برداشت سے 10 سے 12 دن پہلے آبپاشی بند کردیں۔ پھل کو گرمی کی شدت سے بچانے کے لئے حسب ضرورت آبپاشی کا خیال رکھیں۔ باغ کی زمیں میں وتر آنے کے فوری بعد دوبارہ آبپاشی کا بندوبست کریں۔ آم کے پودوں کو گرمی سے بچانے کے لئے مئی سے جولائی کے دوران جڑی بوٹیوں کی تلفی نہ کریں۔ آم کی پھل کی مکھی کے کنٹرول کے لئے پودے کے نیچے گرے ہوئے پھل ہر دوسرے دن اٹھائیں اور باغ سے باہر دھوپ والی جگہ پر بکھیر دیں یا گرے ہوئے پھل کو گڑھا بنا کے زمین میں دفن کر دیں۔ جب تک پھل باغ میں موجود ہے صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ نر مکھی کے تدارک کے لیئے میتھائیل یوجینال کے پھندوں کا استعمال کریں۔ ایک ایکڑ میں کم از کم، 4 سے 6 جنسی پھندے لگائیں۔ اور یہ پھندے ہر دسویں دن تبدیل کریں۔ آم کے سکیل کے حملہ کی مانیٹرنگ کے لئے سایہ دار جگہ پر پھل کا بغور جائزہ لیتے رہیں۔ پھل کے بورر اور سکیل کے تدارک کے لئے محکمہ زراعت کے عملہ کی مشاورت سے سپرے کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر کھالی (ٹرینچ) بنائیں۔ بڑے باغ میں نئے / چھوٹے پودوں میں حفظانی تہہ (ملچ) کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔